# علاقائی خبریں

17 نومبر 2026

1:10 P.M.

اسپیشل سمری ریوزن 2027 کے لیے ووٹر لسٹ کا مسودہ آج 17 نومبر کو اتر پردیش میں شائع کیا گیا۔ دعوے آج سے قبول کیے جائیں گے۔ دعوے اور اعتراضات 16 دسمبر 2026 تک داخل کیے جا سکتے ہیں۔ ریاست کے چیف الیکٹورل آفیسر نودیپ رِنوا نے لکھنؤ کے لوک بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے یہ جانکاری دی۔

انہوں نے کہا کہ 21، 22، 28 اور 29 نومبر 2026 کو ریاست بھر کے تمام پولنگ اسٹیشنوں پر خصوصی فہرستوں اور فارم کے ساتھ بوتھ لیول آفیسر دستیاب ہوں گے۔

مسٹر رنوا کے مطابق جن شہریوں کے نام فہرست سے غائب ہیں وہ اپنا نام شامل کرنے کے لیے فارم 6 پر کر سکتے ہیں۔ ترامیم کے لیے فارم 8 اور اعتراضات کے لیے فارم 7 استعمال کیا جا سکتا ہے۔

बाइट.....

.....

مردم شماری 2027 کے دوسرے مرحلے کے ایک حصے کے طور پر ریاست میں کل خود گنتی شروع ہوئی۔ یہ 30 نومبر تک جاری رہے گی۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل لکھنؤ میں ایک پروگرام میں شرکت کی جس میں ریاست میں خود گنتی اور گھر گھر مردم شماری کے عمل کا آغاز کیا گیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مردم شماری ریاست کی مجموعی ترقی کی سمت کا تعین کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے انتظامیہ کو نچلی سطح پر اسکیموں کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

.....

بی جے پی کی دو روزہ چنتن میٹنگ کل متھرا کے پرکھم میں شروع ہوئی۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، بی جے پی کے ریاستی صدر پنکج چودھری، اور ریاستی انچارج ونود تاوڑے سمیت پارٹی کے کئی سینئر لیڈروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ بی جے پی کے قومی صدر نتن نوین آج میٹنگ میں شامل ہوں گے۔ ریاستی صدر پنکج چودھری نے بتایا کہ میٹنگ میں آئندہ اسمبلی انتخابات اور تنظیمی امور کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

دریں اثنا، نئی دہلی میں کانگریس صدر ملکارجن کھرگے کی رہائش گاہ پر منعقدہ میٹنگ میں آئندہ ریاستی انتخابات کے لیے حکمت عملی، نچلی سطح پر تنظیم کو فعال کرنے اور سماج وادی پارٹی کے ساتھ اتحاد پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پارٹی کے سابق صدر راہول گاندھی، جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی اور ریاستی انچارج راجندر پال گوتم سمیت کئی لیڈروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔

.....

ریلوے کے وزیر اشونی وشنو نے کل کانپور سینٹرل اور آنند وہار ٹرمینل کے درمیان نئی کانپور ایکسپریس ٹرین کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس موقع پر ریلوے کے وزیر نے کانپور میں مجوزہ بلٹ ٹرین پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلٹ ٹرین کا نارد رن کوریڈور کانپور کی ترقی میں ایک نئے باب کا آغاز کرے گا۔

बाइट.....

کانپور-دہلی آنند وہار ایکسپریس رات 8:40 پر کانپور سینٹرل سے روانہ ہو گی اور اگلی صبح 4:50 پر آنند وہار ٹرمینل پہنچے گی۔ ٹرین اٹاوہ، ہاتھرس، علی گڑھ اور غازی آباد سے ہوتے ہوئے آنند وہار پہنچے گی۔

.....

کل، حکومت نے تقریباً نصف درجن اضلاع سے سولہ آئی اے ایس افسران کا تبادلہ کیا، جن میں دو ڈویژنل کمشنرز شامل ہیں۔ کانپور کے ڈویژنل کمشنر کے وجیندر پانڈیان کو وارانسی کا نیا ڈویژنل کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ وارانسی کے ڈویژنل کمشنر ایس راجلنگم کا اسی حیثیت سے کانپور تبادلہ کیا گیا ہے۔ انیل کمار سنگھ کو بھدوہی کا ضلع مجسٹریٹ اور بھدوہی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کیا گیا ہے۔ بھدوہی کے ضلع مجسٹریٹ شیلیش کمار کو چندولی کا ضلع مجسٹریٹ مقرر کیا گیا ہے۔ رمیش رنجن اب گونڈہ کے نئے ضلع مجسٹریٹ ہوں گے۔ امیش مشرا کو جونپور کا ضلع مجسٹریٹ مقرر کیا گیا ہے۔ منوج کمار رائے کو شراوستی کا نیا ضلع مجسٹریٹ مقرر کیا گیا ہے۔ گریٹر نوئیڈا کے ایڈیشنل چیف ایگزیکٹو آفیسر پروین ورما کو شاملی کا نیا ضلع مجسٹریٹ مقرر کیا گیا ہے۔

.....

ایودھیا میں آج رات 14 کوسی پرکرما شروع ہو رہی ہے۔ اے ڈی جی پروین کمار نے کل تمام ضروری تیاریوں کا جائزہ لیا۔

.....